باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم الزمان ملاخیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 Daily.aaina94@gmail.com

جلد نمبر 30 | بروز اتوار 09 اگست 2026، 1447 ہجری | قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 211

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا سڑکوں کی بندش پر نوٹس، اہم شاہراہیں ٹریفک کیلئے بحال

وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل آصف منیر کی قیادت میں پاکستان نے عالمی سطح پر اہم مقام حاصل کیا ہے، وفاقی وزیر

ملک میں 160 بااختیار ضلعی حکومتیں قائم ہونی چاہئیں، اگر یہ ممکن نہ ہو تو 12 سے 18 انتظامی یونٹس بنانے پر غور کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے خطے کی سکیورٹی کے لیے کوششیں یکجا کر دیں۔ وفاقی دارالحکومت سے جاری اپنے بیان میں احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان میں آج تک تھرڈ ٹیئر آف گورنمنٹ قائم نہیں ہو سکی، اختیارات کی مرکزیت کے باعث صوبائی سطح پر بھی مسائل بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں نے اپنے منشور میں

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

عالمی جنگوں سے غذائی قیمتیں ساڑھے تین سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں، اقوام متحدہ

امن وامان کی بگڑتی صورتحال کے باعث 9 اگست کو ہونے والی پولنگ مزید احکامات تک مؤخر، خالی نشستوں پر انتخابی عمل روک دیا گیا

میونسپل کارپوریشن خضدار کے وارڈ نمبر 12، میونسپل کمیٹی قلات کے وارڈ نمبر 13 جبکہ ضلع حب کی دو یونین کونسلوں کے وارڈز شامل

قلات/خضدار/حب (یو این اے) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر 9 اگست 2026 کو ہونے والی بلدیاتی انتخابات کی پولنگ مزید احکامات تک ملتوی کر دی ہے۔ اس حوالے سے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے سیکرٹریٹ اسلام آباد سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے الیکشن کمیشن کی جانب سے

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

مدینہ: گورنر مدینہ شہزادہ سلمان بن سلطان بن عبدالعزیز آل سعود نے سعودی عرب کا دورہ مکمل کرنے پر وزیراعظم محمد شہباز شریف اور پاکستانی وفد کو الوداع کیا

فورسز کی کارروائی، 10 دہشتگرد ہلاک، کیپٹن شہید

کیپٹن حمزہ اکرم جوانوں کی قیادت کرتے ہوئے بہادری سے لڑے اور شہید ہوگئے، وزیراعظم کا دہشتگردوں کیخلاف کارروائی کے دوران کیپٹن حمزہ اکرم شہید کو بہادری، جرات اور فرض شناسی کو خراج عقیدت پیش

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے کیپٹن حمزہ اکرم کو خراج عقیدت پیش، اہل خانہ سے دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار

راولپنڈی، پشاور (این این آئی) سکیورٹی فورسز کی بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں کارروائیوں کے دوران 10 دہشتگرد مارے گئے جبکہ ایک کیپٹن مادر وطن پر قربان ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہنگو میں سکیورٹی فورسز نے خفیہ

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

پاکستان، سعودیہ، ترکیہ نے امت کو پلیٹ فارم مہیا کر دیا، خواجہ آصف

معاملے میں باقی ملکوں پر دروازے بند نہیں کیے جاسکتے، وزیر دفاع کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب نے پوری امہ کو ایک پلیٹ فارم مہیا کر دیا ہے، اس معاملے میں باقی ملکوں پر دروازے بند نہیں کیے جاسکتے۔ خواجہ آصف نے اپنے بیان میں کہا کہ اسرائیل کے تناظر میں سارے مسلم ممالک کو اکٹھا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سہ ملکی معاہدہ اسلامی

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

سانحہ 8 اگست جیسے المناک واقعات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، مرکز اچکزئی

پاک سعودی ترکیہ دفاعی معاہدہ اجتماعی سلامتی کا مضبوط ستون ثابت ہوگا۔ سعودی عرب حرمین شریفین کی نگہبانی بلند مقام رکھتا ہے

اسلامی دنیا کی مشترکہ دفاعی قوت ہمیشہ سے ہماری خواہش رہی ہے، معاہدے میں دیگر اسلامی ممالک کو بھی شریک ہونا چاہیے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان دفاعی معاہدہ اسلامی دنیا کے اتحاد کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اسلامی دنیا کی مشترکہ دفاعی قوت ہمیشہ سے ہماری خواہش رہی ہے، پاک سعودی اور ترکیہ دفاعی معاہدے میں دیگر اسلامی ممالک کو بھی

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق ملاقات کر رہے ہیں

مکہ ڈیفنس ایگریمنٹ سعودی عرب، پاکستان، ترکیہ کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے، بلاول

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ملکی تاریخ کا اہم سنگ میل اور ایک تاریخی پیشرفت ہے، معاہدے سے ہماری دفاعی صلاحیتیں مزید مضبوط ہوں گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مشترکہ دفاعی معاہدے کو تاریخی پیشرفت اور ملکی تاریخ کا اہم سنگ میل قرار دے دیا۔ جاری کیے گئے بیان میں اس حوالے سے انہوں نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ملکی تاریخ کا اہم سنگ میل اور ایک تاریخی پیشرفت ہے، معاہدے سے ہماری دفاعی صلاحیتیں مزید مضبوط ہوں گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ یہ معاہدہ

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

مشترکہ دفاعی معاہدہ وزیراعظم کی اہم اور دوررس سفارتی کامیابی ہے، سپیکر

مشترکہ دفاعی معاہدہ اجتماعی سلامتی کو مزید مضبوط بنانے اور خطے میں امن واستحکام کے فروغ میں اہم پیش خیمہ ثابت ہوگا، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ایک اہم اور دوررس سفارتی کامیابی قرار دیا ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے ہفتہ کو جاری بیان میں سپیکر سردار ایاز صادق نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، سعودی ولی عہد و وزیراعظم محمد بن سلمان اور ترک صدر رجب

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

پاک فوج کی جانب سے راولاکوٹ میں شہریوں کیلئے مفت میڈیکل کیمپس کا انعقاد

مظفرآباد (این این آئی) پاک فوج کی جانب سے راولاکوٹ آزاد کشمیر میں 15 چوک پر موبائل فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا۔ فری میڈیکل کیمپس کا بنیادی مقصد عام شہریوں کو ان کی

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

پنجاب، کے پی، بلوچستان، آزاد کشمیر، جی بی میں بارشوں اور سیلاب کا الرٹ

پنجاب اور بلوچستان کے دریاں کے بالائی علاقوں میں بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں بارشوں اور ممکنہ سیلاب کے حوالے سے الرٹ جاری کر دیا ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب اور بلوچستان کے دریاں کے بالائی علاقوں میں بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

اوآئی سی کا تاریخی سعودی عرب، ترکیہ، پاکستان مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم

یہ معاہدہ خطے اور وسیع تر عالمی برادری میں امن اور خوش حالی کے قیام میں معاون ثابت ہوگا

ریاض (این این آئی) اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) نے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کیا ہے۔ او آئی سی کے سیکرٹری جنرل حسین ابراہیم طٰہٰ نے معاہدے پر مضبوط تحسین اور حمایت کا اظہار کرتے ہوئے اسے اہم تزویراتی قدم قرار دیا ہے۔ تنظیم کی جانب سے جاری بیان کے مطابق یہ معاہدہ تینوں ممالک کے علاقائی اور عالمی تعاون کو مضبوط بنانے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے، یہ معاہدہ

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

میجر طفیل محمد کا 68 واں یوم شہادت، وزیراعظم و سروسز چیفس کا خراج عقیدت

راولپنڈی (این این آئی) آئی ایس پی آر نے بتایا ہے کہ مسلح افواج نے میجر طفیل محمد شہید نشان حیدر کی 68 ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

تربت: بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کے دوران آپریشن میں شہید ہونے والے کیپٹن حمزہ اکرم شہید کی میت آبائی قبرستان روانہ کر دی گئی۔

وزارت تجارت کی برآمدی شعبوں کی سپورٹ کیلئے 10 ارب روپے کی منظوری دے دی گئی

امید ہے صنعت کی لیکویڈیٹی میں بہتری آئے گی اور وہ برآمدات کو بڑھانے کے قابل ہوگی، وفاقی وزیر تجارت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اعلان کیا ہے کہ وزارت تجارت نے ڈیوٹی ڈرا بیک اور ٹیکنالوجی اپ گریڈیشن سکیموں کے تحت ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی صنعت اور دیگر برآمدی شعبوں کیلئے 10 ارب

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

اقوام متحدہ میں پاکستان نے سوڈان میں تعلیمی اداروں کے فوری تحفظ کا مطالبہ کر دیا

عرصے سے جاری جنگ کے باعث لاکھوں بچے تعلیم سے محروم، بے گھر اور سنگین خلاف ورزیوں کے خطرے سے دوچار ہیں

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان نے سوڈان میں تعلیمی اداروں کے فوری تحفظ کا مطالبہ کیا ہے۔ سوڈان میں ایک ہزار روز سے زائد عرصے سے جاری جنگ کے باعث لاکھوں بچے تعلیم سے محروم، بے گھر یا سنگین خلاف ورزیوں کے خطرے سے دوچار ہیں، پاکستان نے تمام فریقوں پر زور دیا ہے کہ وہ بین الاقوامی انسانی

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

الٹی گنتی پیپلز پارٹی نے نہیں، حکومت کے اندر سے شروع ہوئی ہے، نیئر حسین بخاری

وزیراعظم کی مشاورت کے بغیر وزیر داخلہ اور وزیر دفاع کی جانب سے نئے صوبوں کے حوالے سے بیانات سامنے آنا سوالیہ نشان ہے، رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سیکرٹری جنرل سید نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ الٹی گنتی پیپلز پارٹی نہیں بلکہ حکومت کے اندر سے ہی اس کا آغاز ہو چکا ہے، اب تلبیہ دیکھیں اور تلمبہ کو دیکھیں

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

مسلم دنیا کے مسائل ان کے اپنے نظام اور اداروں سے حل ہونے چاہئیں، علی شاہین

انقرہ (این این آئی) ترک پارلیمان کے متحرک رکن، نیٹو پارلیمانی اسمبلی کے رکن اور پاکستان-ترکیہ پارلیمانی دوستی گروپ کے چیئرمین علی شاہین نے ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کے

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

سید یوسف رضا گیلانی کا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ پاکستان، سید یوسف رضا گیلانی نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں امن، اجتماعی سلامتی اور برادر اسلامی ممالک کے درمیان تعاون کے فروغ کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ یہ معاہدہ امن، استحکام اور اسٹریٹجک شراکت داری کے مشترکہ عزم کی

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

محسن نقوی کی زیر صدارت خصوصی کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں شہدا اور شجاعت و بہادری کا مظاہرہ کرنے والے غازیوں کو سول ایوارڈز دینے کی منظوری دے دی گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت کیلئے ایوارڈ سے متعلق خصوصی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں وزیر

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

پاکستان امن کا علمبردار، دفاعی معاہدہ سے خطے میں امن آئے گا، مصدق ملک

امن کے خواہشمند ملک آہستہ آہستہ اس فریم ورک میں شامل ہوں گے، دنیا دفاعی معاہدے کو امن معاہدے کی نظر سے دیکھ رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی امن کا علمبردار، دفاعی معاہدوں کی وجہ سے خطے میں امن آئے گا۔ وفاقی وزیر مصدق ملک نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امن کے خواہشمند ملک آہستہ آہستہ اس فریم ورک میں شامل ہوں گے، دنیا دفاعی معاہدے کو امن معاہدے کی نظر سے دیکھ رہی ہے۔ مصدق ملک نے کہا کہ پی ڈی ایم حکومت سے پہلے ہر ملک پاکستان سے ناراض تھا، آج دنیا بھر میں پاکستان کے وزیراعظم، فیلڈ مارشل کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا جاتا ہے، صبح امریکی وزیر خارجہ، شام کو ایرانی وزیر خارجہ تعریف کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اگلے دن سعودی عرب

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

جام کمال خان نے بھی نئے انتظامی یونٹس اور چھوٹے صوبوں کے قیام کے حمایت کر دی

چھوٹے صوبے اور نئے انتظامی یونٹس وقت کی ضرورت ہیں، وفاقی وزیر تجارت کا ویڈیو پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے بھی نئے انتظامی یونٹس اور چھوٹے صوبوں کے قیام کے حمایت کر دی۔ جام کمال خان نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ چھوٹے صوبے اور نئے انتظامی یونٹس وقت کی ضرورت ہیں، چھوٹے صوبوں کا مقصد اختیارات اور وسائل کو عوام کے مزید قریب لانا ہونا چاہیے۔

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی لانگ مارچ، اپوزیشن جماعتوں کے ساتھ ساتھ پی پی پی سے بھی رابطے کا امکان

سلمان اکرم راجا، جنید اکبر، عامر ڈوگر، عاطف خان سمیت 7 ارکان اپوزیشن سے ملاقاتیں کرے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے اعلان کردہ لانگ مارچ کے سلسلے میں اپوزیشن جماعتوں سے رابطوں کا فیصلہ کیا گیا اور اس کے ساتھ ساتھ حکمران اتحاد میں شامل پاکستان پیپلز پارٹی سے بھی رابطے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پی ٹی آئی نے اپوزیشن جماعتوں سے رابطوں کا فیصلہ کیا اور سینئر قیادت کی جانب سے پی پی پی سے بھی رابطے کا امکان ہے اور اس سلسلے میں 14 اگست کے بعد تحریک انصاف کا وفد اپوزیشن

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

گڈز ٹرانسپورٹ کی ملک گیر ہڑتال کا آغاز، مطالبات کی منظوری تک جاری رکھنے کا اعلان

7 فیصد ود ہولڈنگ ٹیکس کم کر کے 2 فیصد کیا جائے، ملک بھر میں گڈز ٹرانسپورٹرز نے گاڑیاں کھڑی کر دیں

کراچی (این این آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کی اعلان کردہ ملک گیر پہیہ جام ہڑتال ہفتے کو پورے پاکستان میں شروع ہوگئی ہے اور ٹرانسپورٹ اتحاد کے رہنماں نے اعلان کیا ہے کہ مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا۔ آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کے صدر ملک شہزاد اعوان نے کراچی پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے ملک گیر گڈز ٹرانسپورٹ ہڑتال شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹرز کے جائز مطالبات فوری طور

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

گڈز ٹرانسپورٹرز کو موٹروے پولیس سے شکایات سمیت مسائل کے جلد حل کی یقین دہانی

ایک بھی "اوورلوڈڈ" گاڑی موٹروے پر نہیں آنے دینگے، عبدالعلیم خان نے گڈز اتحاد عہدیداران کو سوموار کو اسلام آباد بلا لیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کے عہدیداران سے وڈیو لنک پر اجلاس منعقد کیا جس پر انہوں نے ایکسل لوڈ، ایس آر او، موٹروے پر بھاری گاڑیوں کے مسائل اور دیگر امور پر تفصیلی بات چیت کی۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ موٹروے اور شاہراہوں کے تحفظ کے لیے ٹرانسپورٹرز کو تعاون کرنا چاہیے اور مقررہ حد سے زیادہ وزن لادنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے یہ یقین دلایا کہ گڈز ٹرانسپورٹ کے تمام جائز

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

دفاعی معاہدہ، پاکستان اور سعودی عرب کی اہم عمارتیں پاکستان، ترکیے اور سعودی پرچموں سے جگمگا اٹھیں

گزشتہ روز مکہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے درمیان دفاعی معاہدہ ہوا جس پر تینوں ممالک کے سربراہان مملکت نے دستخط کیے

اسلام آباد/ریاض (این این آئی) پاکستان، سعودیہ اور ترکیے کے دفاعی معاہدے کی خوشی میں پاکستان اور سعودی عرب کی اہم عمارتیں جگمگا اٹھیں۔ گزشتہ روز مکہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے درمیان دفاعی معاہدہ

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

الٹی گنتی والے خود بھی سیدھے ہو جائیں گے اور ان کی گنتی بھی سیدھی ہو جائے گی، رانا ثنا اللہ

عوام پاکستان کے مالک ہیں، پاکستان کا کونسا حصہ ہے جہاں کشمیری کام نہیں کر رہے؟، مشیر وزیراعظم

باغ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ الٹی گنتی والے خود بھی سیدھے ہو جائیں گے اور

بقیہ 24 صفحہ 3 پر

کراچی، لائٹ ہاؤس میں شہری جشن آزادی کے حوالے سے خریداری کر رہے ہیں

کوئٹہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے رکن قومی اسمبلی میر پھلین بلوچ کیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، میر فرید خان رئیسانی کا سانحہ 8 اگست کے شہدا وکلا کو زبردست خراجِ تحسین

8 اگست کا واقعہ بلوچستان کی تاریخ کا سب سے بڑا المیہ اور ناقابلِ تلافی نقصان ہے، میر فرید خان رئیسانی

بولان (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے مرکزی رہنما میر فرید خان رئیسانی نے 8 اگست کے شہدا وکلا کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ میں پیش آنے والا دہشت گردی کا واقعہ بلوچستان کی تاریخ کا سب سے بڑا المیہ اور انسانی تاریخ میں دہشت گردی کی بدترین مثال ہے میر فرید خان رئیسانی کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں نے وکلا برادری کو ٹارگٹ کر کے قانون انصاف اور انسانی حقوق پر کاری وار کیا جس کے نتیجے میں بلوچستان عظیم قانون دانوں اور دانشوروں سے محروم ہو گیا اس ناگہانی حادثے سے نہ صرف متاثرہ خاندانوں کو بلکہ پاکستان بالخصوص بلوچستان کے شعبہ قانون کو وہ ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے جس کا صدیوں تک ازالہ ممکن نہیں انہوں نے مزید کہا کہ آج ملک بھر کے کونے کونے میں شہدا کی یاد میں شمعیں روشن کی جا رہی ہیں اور انہیں خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے دہشت گردوں کے لیے پیغام ہے کہ وکلا سرخرو ہیں۔۔

سردار حق نواز بزدار، ملک فتح محمد بزدار، محمد اختر بزدار، تاج محمد بزدار، ماسٹر لعل محمد بزدار اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اوستہ محمد، شہر کے واٹر سپلائی تالابوں میں پانی وافر مقدار میں موجود ہے، ایکسین

غیر قانونی کنکشنز کے خلاف گرینڈ آپریشن ہوگا، ملازمین فرائض میں غفلت نہ برتیں، شکر اللہ بلوچ

اوستہ محمد (یو این اے) ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ انجینئر شکر اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ اوستہ محمد کے واٹر سپلائی تالابوں میں وافر مقدار میں پانی موجود ہے اور شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ محکمہ پی ایچ ای کے ملازمین اپنے فرائض ایمانداری، دیانتداری اور ذمہ داری کے ساتھ سرانجام دیں، فرائض میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ شکر اللہ بلوچ نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انجینئر شکر اللہ بلوچ نے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ واٹر سپلائی نظام کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ شہریوں کو بلا تعطل صاف اور محفوظ پینے کا پانی فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے محکمہ پی ایچ ای کے افسران و ملازمین کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی کے ساتھ ادا کریں اور واٹر سپلائی کے نظام میں کسی بھی قسم کی خرابی کی صورت میں فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں غفلت برتنے والے اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایکسین پی ایچ ای نے مزید کہا کہ شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے کسی قسم کی شکایت سامنے نہیں آنی چاہیے۔۔

وزارت خارجہ سے دستاویزات کی تصدیق کروانے والا غیر قانونی نیٹ ورک پکڑا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل نے کارروائیاں کرتے ہوئے وزارت خارجہ سے دستاویزات کی تصدیق کروانے والا غیر قانونی نیٹ ورک پکڑا گیا۔ گرفتار خاتون خدیجہ سمیر ایم او ایف اے تصدیقی سروسز کا دفتر غیر قانونی طور پر چلا رہی تھی۔ چھاپے کے دوران ایم او ایف اے اپوسٹل سے متعلق دستاویزات قبضے میں لے لی گئیں، کارروائی اینٹی کرپشن سرکل کے کیس 42/26 کے تحت کی گئی۔ ترجمان ایف آئی اے نے کہا کہ اینٹی کرپشن سرکل نے بجلی چوری میں ملوث اشتہاری بھی گرفتار کر لیا۔ ملزم کی شناخت پرویز احمد کے نام سے ہوئی ہے، ملزم ایف آئی

جھنڈرو ڈ پر ویگن کی سڑک کنارے کھڑی کار کو ٹکر سے ماں بیٹا جاں بحق، چھ افراد زخمی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں ٹریفک حادثے میں ماں بیٹا جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کوہاٹ روڈ پر جنڈ پھاٹک کے قریب افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش جہاں ویگن کی سڑک کنارے کھڑی کار کو پیچھے سے ٹکر سے ماں بیٹا موقع پر ہی دم توڑ گئے، 6 افراد زخمی بھی ہوئے۔ ذرائع نے بتایا کہ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے جاں بحق افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔

اٹک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

اٹک (این این آئی) اٹک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق واقعہ مسجد لوہاں کے قریب گلی میں پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح افراد نے آتے ہی فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں 19 سالہ نوجوان موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی تھانہ سٹی کے ایس ایچ او اور دیگر پولیس ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جنہوں نے موقع سے شواہد اکٹھے کر لیے۔

چاغی، ہزاروں خاندانوں کے شناختی کارڈ بلاک ہونے پر سابق صوبائی وزیر کا اظہارِ تشویش

شناختی کارڈز کی بندش سے طلبہ، ملازمین، تاجر اور پنشنرز متاثر ہیں، میر علی محمد نوتیزئی

چاغی (یو این اے) سابق صوبائی وزیر الحاج میر علی محمد نوتیزئی نے نادرا کی جانب سے ضلع چاغی کے ہزاروں خاندانوں کے شناختی کارڈ بلاک کیے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے محبِ وطن پاکستانی شہریوں کے ساتھ ناانصافی قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شناختی کارڈ بلاک ہونے کے باعث ہزاروں طلبہ و طالبات، سرکاری ملازمین، بینک کھاتہ داران، تاجر برادری، پنشنرز اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مستحقین سمیت مختلف شعبوں سے وابستہ افراد مشکلات کا شکار ہیں۔ میر علی محمد نوتیزئی نے کہا کہ ان کے بڑے بھائی سابق صوبائی وزیر شہید الحاج عید محمد نوتیزئی دو مرتبہ پاکستان مسلم لیگ کے ٹکٹ پر رکن صوبائی اسمبلی اور صوبائی وزیر رہے، جبکہ وہ خود بھی دو مرتبہ رکن صوبائی اسمبلی اور صوبائی وزیر رہ چکے ہیں، اس کے باوجود ان کے خاندان کے شناختی کارڈ بھی بلاک کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ صرف ان کے خاندان تک محدود نہیں بلکہ ضلع چاغی کے ہزاروں خاندان اس سے متاثر ہیں۔ ان کے مطابق ان کے آبا و اجداد نے پاکستان کی سالمیت، امن اور دفاع کے لیے قربانیاں دی ہیں، جبکہ ایران میں آباد رشتہ داروں کے ساتھ خونی رشتے ہونا

مریم نواز کا صفائی نظام میں سخت مانیٹرنگ کا حکم، مزید بہتر بنانے کا ہدف

مارکیٹوں، بازاروں اور کمرشل ایریاز میں یکساں طرز کے ڈسٹ بن اور گارنج بیگز استعمال کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب پروگرام کو صوبہ بھر میں مزید مؤثر بنانے کے لیے صفائی کے نظام میں بہتری، ورکرز کو بروقت تنخواہوں کی ادائیگی اور فیلڈ مانیٹرنگ سخت کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ لاہور میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت ستھرا پنجاب سے متعلق خصوصی جائزہ اجلاس ہوا، جس میں صوبے میں صفائی کی صورتحال اور پروگرام کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے مارکیٹوں، بازاروں اور کمرشل ایریاز میں یکساں طرز کے ڈسٹ بن اور گارنج بیگز استعمال کرنے کا حکم دیتے ہوئے کمرشل علاقوں سے ویسٹ اٹھانے کے لیے اوقات کار مقرر کرنے کی ہدایت کی۔ مریم نواز نے صبح 5 بجے مرکزی سڑکوں کی دھلائی اور صفائی یقینی بنانے جبکہ مختلف علاقوں میں موجود خالی پلاٹوں کی صفائی کا بھی حکم دیا، انہوں نے ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ نے ستھرا پنجاب کے ورکرز کو ہر ماہ کی 5 تاریخ تک تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے متعلقہ کمپنیوں سے ورکرز کو ادائیگی کی ماہانہ رپورٹ طلب کر لی۔۔

صحبت پور، پولیس سوگئی، کرائم جاگ گئے؛ تھانہ صحبت پور اور پہنور کی حدود میں مویشی چوری

شہریوں میں شدید خوف و ہراس، ڈی آئی جی نصیر آباد اور آئی جی بلوچستان سے نوٹس اور چیک پوسٹوں کی بحالی کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور میں پولیس کی مبینہ غفلت کے باعث چوری کی وارداتوں میں اضافہ ہو گیا ہے، جہاں تھانہ صحبت پور اور تھانہ پہنور کی حدود سے چور بکریاں اور بھینس لے اڑے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صحبت پور کی حدود گاں آدم پور میں جمعدار احمد کٹیار کے گھر سے نامعلوم چور 4 بکریاں چوری کر کے فرار ہو گئے، جبکہ تھانہ پہنور سنہوڑی کی حدود میں مولوی سکندر لاشاری کے گھر سے چور بھینس لے گئے۔ مسلسل چوریوں کے باعث علاقے میں شدید تشویش پھیلی ہوئی ہے، جس پر عوامی حلقوں نے ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کامران نواز بچو تھا۔ اور آئی جی بلوچستان محمد طاہر سے فوری نوٹس لینے اور 15 مددگار سمیت تمام سیکیورٹی چیک پوسٹوں کو فعال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

قائداعظم کا فرمان سچ ثابت، بھارتی مسلمان بار بار وفاداریاں ثابت کرنے پر مجبور

بی جے پی کی کٹھ پتلی مودی سرکار نے بھارت میں بسنے والے مسلمانوں کی وفاداری کو مشکوک بنا کر کئی زندگیوں کو داؤ پر لگا دیا

اسلام آباد (این این آئی) بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کا فرمان سچ ثابت ہو گیا، بھارت کے مسلمانوں کو بار بار اپنی وفاداری ثابت کرنا پڑ رہی ہے۔ بی جے پی کی کٹھ پتلی مودی سرکار نے بھارت میں بسنے والے مسلمانوں کی وفاداری کو مشکوک بنا کر کئی زندگیوں کو داؤ پر لگا دیا ہے۔ ہندو انتہا پسندی کے غلبے کے لیے قائم مودی حکومت نے اپنا اقتدار مضبوط کرنے کی خاطر مسلمانوں پر زندگی تنگ کر دی ہے، جہاں ہندوتوا راج میں بھارتی مسلمانوں کا جینا محال کر کے انہیں تعلیم جیسے بنیادی حق سے بھی محروم کیا جانے لگا ہے۔ بھارتی جریدے نیشنل ہیرالڈ کے مطابق مسلمان طالبہ فرح ناز نے بتایا کہ جنتر منتر میں احتجاج کے دوران بھارتی پولیس نے تشدد کیا اور مسلمان ہونے کی وجہ سے گھنٹے گاڑی میں بٹھا کر رکھا۔ پولیس نے کہا کہ تمہاری اور دوسرے مسلمان مظاہرین کی الگ لسٹ بنے گی کیونکہ تم غدار ہو۔ بھارتی مسلمان طالبہ فرح ناز نے بتایا کہ سوشل میڈیا پر بھی ہمیں غدار کہہ کر ٹارگٹ کیا جا رہا ہے۔ بھارت میں ریاستی سرپرستی میں مسلمانوں پر تشدد، مساجد کو نقصان پہنچانا۔ اور انہیں نفرت کا نشانہ بنانا معمول بن گیا ہے۔ دو قومی نظریے کی روشنی میں بھارت میں رہ جانے والے مسلمانوں کے حوالے سے قائداعظم کی پیش گوئی سچ ثابت ہو چکی ہے۔

کوئٹہ: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو شہر کے دورے کے موقع پر پولیس سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

ملتان کے گھر سے نوجوان لڑکے اور لڑکی کی لاشیں برآمد

ملتان (این این آئی) ملتان کے ایک گھر سے نوجوان لڑکے اور لڑکی کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق واقعہ بدھلہ سنت کے علاقے میں پیش آیا جہاں ایک گھر سے 22 سالہ نوجوان جعفر حسین اور 19 سالہ لڑکی نجمہ کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ تفتیشی ٹیم کے مطابق گھر میں مردہ پائے جانے والے افراد کی لاشوں کے قریب سے ایک پستول بھی برآمد ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ جعفر حسین شادی شدہ تھا اور اپنی رشتہ دار نجمہ کے گھر آیا ہوا تھا جب کہ ابتدائی طور پر شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ دونوں کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا۔

تونسہ شریف، دو ہوا میں بوسیدہ چھت گرنے سے 2 افراد جاں بحق، 2 زخمی

تونسہ شریف (این این آئی) قصبہ دو ہوا میں گھر کی بوسیدہ چھت گرنے سے 2 افراد جاں بحق جبکہ 2 زخمی ہو گئے، ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے کے وقت گھر کے ایک کمرے میں 4 افراد موجود تھے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ایک کمرے کی بوسیدہ چھت کے پرانے گارڈر وزن برداشت نہ کر سکے، جس کے باعث چھت اچانک گر گئی اور چاروں افراد ملبے تلے دب گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم بروقت جائے حادثہ پر پہنچ گئی اور امدادی کارروائی کرتے ہوئے ملبے تلے دبے افراد کو نکالا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے میں 16 سالہ لڑکی رقیہ اور 8

بھیرہ کے نالہ میں 6 سالہ بچہ ڈوب کر جاں بحق، لاش نکال لی گئی

بھیرہ (این این آئی) بھیرہ میں سیم نالہ میں ڈوبنے سے 6 سالہ بچہ جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق سیم نالہ میں چار بچے نہاتے ہوئے گہرے پانی میں چلے گئے، بچوں کو ڈوبتا دیکھ کر ایک شخص نے نالے میں چھلانگ لگائی اور تین بچوں کو بحفاظت زندہ نکال لیا، تاہم 6 سالہ علی حسنین کو نہ بچایا جا سکا۔ دوسری جانب اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے علی حسنین کی لاش نکال لی۔۔

کوئٹہ، سانحہ 8 اگست بلوچستان کی تاریخ کا سیاہ دن اور ناقابلِ فراموش المیہ ہے، ڈاکٹر اسحاق بلوچ

ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے ٹراما سینٹر کو جدید وسائل اور افرادی قوت فراہم کی جائے، رہنما نیشنل پارٹی

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے کہا ہے کہ 8 اگست بلوچستان کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جب قانون کے علمبرداروں اور آئین کے محافظ وکلا کو ایک منظم دہشت گرد حملے میں نشانہ بنایا گیا۔ اس المناک سانحے میں بڑی تعداد میں وکلا شہید اور متعدد زخمی ہوئے، جس کا دکھ آج بھی بلوچستان کے عوام کے دلوں میں تازہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت ڈاکٹر انہوں نے اس سانحے کے دوران زخمیوں کو دیکھا "اگر اس وقت طبی سہولیات، افرادی قوت، آپریشن تھیٹرز اور آپریشن ٹیموں کی تعداد زیادہ ہوتی تو ممکن تھا کہ مزید قیمتی جانیں بچائی جا سکتیں۔ کئی زخمی وکلا سے ان کی گفتگو ہوئی، تاہم اندرونی خون بہنے کے باعث انہیں بچانا ممکن نہ رہا۔ ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے کہا کہ جن زخمیوں کو معروف سرجن ڈاکٹر جمیل خان اور ان کی ٹیم کی نگرانی میں بروقت اور معیاری سہولیات فراہم کی گئیں، وہ صحت یاب ہوئے، جو طبی عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور جذبہ

کوئٹہ: نیشنل پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر سردار غریب محمد ترین سے صوبائی رہنما اختر بلوچ، شاہ جہاں بگٹی اور بلوچستان کے مختلف ڈویژنل صدور ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کے باعث ملک شدید بحرانوں کا شکار ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

تنظیمی استحکام کے لیے 10 کمیٹیاں تشکیل، دوروں اور کارکردگی کی جائزہ رپورٹ پر جلد فیصلے ہوں گے، جے یو آئی رہنما

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد اور دیگر نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں، غیر مؤثر طرز حکمرانی اور قومی معاملات میں سنجیدہ توجہ کے فقدان کے باعث ملک مسلسل سیاسی، معاشی اور امن و امان کے بحرانوں سے دوچار ہے۔ خوف، عدم تحفظ اور بے یقینی کی فضا نے عوام کی روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کر رکھا ہے عوام بنیادی مسائل کے حل اور پائیدار امن کے لیے اقدامات کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں نے ذاتی اور سیاسی مفادات کو قومی ترجیحات پر مقدم رکھتے ہوئے ملک و قوم کو دوسروں کی جنگ کا ایندھن بنایا جس کے نتیجے میں ملک کو بدامنی، معاشی مشکلات اور بے شمار دیگر مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ قومی سلامتی، عوامی مفاد اور ملکی خودمختاری کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسی پالیسیوں کی ضرورت ہے جو ملک کو بحرانوں سے نکال کر استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن کر سکیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی جانب سے جاری تنظیمی دوروں کا بنیادی مقصد تحصیلوں اور مقامی یونٹوں کی تنظیمی کارکردگی کا جامع جائزہ لینا درپیش مسائل اور کمزوریوں کی نشاندہی کرنا کارکنان سے براہ راست رابطہ مضبوط بنانا اور تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال و متحرک بنانا ہے۔

بیوٹمر یونیورسٹی میں نصیر آباد کے ماحولیاتی مسائل پر مشترکہ تحقیقی مطالعے کے حوالے سے اسلامک ریلیف پاکستان، آئی او ایم کے وفد اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ کی ملاقات کر رہے ہیں

سانحہ 8 اگست کے شہدا کی قربانیاں قوم کا عظیم سرمایہ ہیں، نعمت اللہ ظہیر

شہدا کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، چیئرمین خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل

کوئٹہ (یو این اے) خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کے چیئرمین، صدارتی تمغہ امتیاز اور معروف عالمی شہرت یافتہ سماجی شخصیت نعمت اللہ ظہیر نے سانحہ 8 اگست 2016 کے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سانحہ پاکستان کی تاریخ کے المناک ترین واقعات میں سے ایک ہے، جس نے پوری قوم کو غمزدہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ سول ہسپتال کوئٹہ میں پیش آنے والے اس دلخراش واقعے میں ملک کے قابل، باصلاحیت اور فرض شناس وکلا سمیت متعدد شہریوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جن کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ نعمت اللہ ظہیر نے کہا کہ شہدا 8 اگست نے قانون کی بالادستی، انصاف کے نظام اور معاشرے میں امن کے قیام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے مشعلِ راہ ہیں اور آنے والی نسلوں کو یہ پیغام دیتی ہیں کہ ظلم، دہشت گردی اور انتہا پسندی کے سامنے کبھی سر نہیں جھکایا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے اہلِ خانہ نے جس صبر و استقامت کا مظاہرہ کیا۔۔

کوئٹہ، چمن پھاٹک کے مسائل پر سابق میئر رحیم کاکڑ کی شدید تنقید

سیوریج نظام تباہ، پانی اور اسٹریٹ لائٹس ناپید، ایم پی اے زرک مندوخیل کو حساب دینا ہوگا، سابق میئر

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے چمن پھاٹک میں برباد صفائی بند سیوریج لائن سٹریٹ لائٹس خراب اور خاص کر گزشتہ چار ماہ سے پانی جو کہ ٹیوب میں ختم ہو چکا ہے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے حالات میں علاقے کے ایم پی اے زرک مندوخیل کام کرنے کے بجائے لوگوں کو باتوں میں لا رہا ہے حلقہ کے تمام سیوریج لائن بند اسٹریٹ لائٹس خراب صفائی کے حالت بد سے بدتر ہو رہے ہیں اور پانی گزشتہ چار ماہ سے ناپید ہے ایم پی اے فوری طور سے اپنے فنڈ سے نیا بور جب تک نہیں کرتا مسئلہ حل نہیں ہوگا الیکشن بھی قریب آ چکا

جماعت اسلامی کے رہنما مولانا عبدالحق ہاشمی، ڈاکٹر عطا الرحمٰن، جمیل مشوانی کی قیادت میں کارکن ہلیلی میں روڈ بند کر کے احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

چمن ڈرائیونگ لائسنس آفس کو قلعہ عبداللہ کے بجائے ضلع چمن میں شامل کیا جائے حافظ صدیق مدنی

سرکاری ریکارڈ میں چمن کے ساتھ ناانصافی ختم کی جائے، ڈرائیونگ لائسنس آفس کی ضلع صحیح ضروری ہے

چمن (یو این اے) یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان کے سابق ممبر اور جمعیت علما اسلام بلوچستان کے رہنما حافظ محمد صدیق مدنی نے حکومت بلوچستان اور ٹریفک پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ چمن میں قائم ڈرائیونگ لائسنس آفس کو سرکاری ریکارڈ میں ضلع قلعہ عبداللہ کے بجائے ضلع چمن کے تحت درج کیا جائے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ چمن بلوچستان کا دوسرا بڑا تجارتی مرکز ہے اور گزشتہ چھ برس سے باقاعدہ ایک الگ ضلع کی حیثیت رکھتا ہے، تاہم افسوسناک امر یہ ہے کہ چمن میں قائم ڈرائیونگ لائسنس آفس آج بھی سرکاری ریکارڈ میں ضلع قلعہ عبداللہ کے تحت ظاہر کیا جا رہا ہے، جو ضلع چمن کے عوام کے ساتھ ناانصافی اور انتظامی بے ضابطگی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع چمن کے قیام کے بعد تمام سرکاری اداروں اور ریکارڈ میں ضروری اصلاحات کی جانی چاہئیں تاکہ عوام کو درست اور بروقت سہولیات میسر آ سکیں۔ سرکاری ریکارڈ میں اس غلط اندراج کے باعث شہریوں کو مختلف امور میں مشکلات اور غیر ضروری پیچیدگیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، آئی جی پولیس بلوچستان، ڈی آئی جی ٹریفک پولیس بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ وہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے۔

ژوب، ڈی آئی خان روڈ پر مبارک کراچی بریانی کا باقاعدہ افتتاح

عوام کو مناسب قیمت میں معیاری، تازہ اور صاف ستھرا کھانا فراہم کیا جائے گا، مالکان و صدر انجمن تاجران

ژوب (یو این اے) مرکزی انجمن تاجران ژوب ضلعی صدر باران کلیوال جنرل سیکرٹری حاجی محمد دین خروٹی سینئر نائب صدر حبیب الرحمٰن کاکڑ پی ٹی آئی ضلعی رہنما طورنگ ماما اور دیگر ساتھیوں نے مبارک کراچی بریانی کا افتتاح کیا۔ جو کہ ڈی آ وغان روڈ نزد توریان پر موجود ہے اور محمد جمعہ کاکڑ نے کہا کہ ژوب کے عوام کیلئے زبردست اور تازہ کھانا مناسب قیمت پر ہوگی اور عوام کو ہر قسم کے سہولیات فراہم کرینگے انجمن تاجران کے صدر باران کلیوال نے کہا کہ ژوب کے تمام ہوٹلز میں مناسب قیمت اور معیاری کھانا کے ساتھ ساتھ صاف ستھرا ماحول کے بھی اشد ضرورت ہے۔

کوئٹہ، ایران میں دلخراش ٹریفک حادثہ، ایئرپورٹ روڈ کے 3 نوجوان جاں بحق

کوئٹہ (یو این اے) ایران میں پیش آنے والے ایک افسوسناک ٹریفک حادثے میں کوئٹہ ایئرپورٹ روڈ سے تعلق رکھنے والے تین نوجوان جان بحق ہو گئے۔ جن میں دو سگے بھائی اور ایک بہنوئی تھا۔ اس دلخراش سانحے نے اہلِ خانہ اور علاقے میں غم کی فضا قائم کر دی۔

پاک امریکا اقتصادی تعاون، سویابین شعبے میں شراکت داری مزید بڑھانے پر اتفاق

شکاگو (این این آئی) پاکستانی سفیر نے پاک امریکا بڑھتے ہوئے اقتصادی تعاون اور تجارت و سرمایہ کاری کے شعبے میں ہونے والی مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ امریکا میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے شکاگو میں منعقدہ یو ایس کنیکٹ کانفرنس کے موقع پر امریکی سویابین ایکسپورٹ کونسل کے چیف ایگزیکٹو جم سٹرے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران رضوان سعید شیخ نے کہا کہ پاکستان مختصر عرصے میں امریکی سویابین درآمد کرنے والے دنیا کے بڑے ممالک میں شامل ہو گیا ہے اور سالانہ 10 لاکھ میٹرک ٹن سے زائد امریکی سویابین درآمد کر رہا ہے۔

کوئٹہ، مشرقی بائی پاس پر پولٹری کی دکان میں ڈکیتی، ملزمان لاکھوں روپے اور موبائل فون چھین کر فرار

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ مشرقی بائی پاس کے علاقے میں پانچ مسلح ڈاکوؤں نے ایک پولٹری کی دکان میں گھس کر دکاندار کو اسلحے کی نوک پر یرغمال بنا لیا ملزمان دکاندار سے لاکھوں روپے نقدی اور تین موبائل فون چھین کر موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔

ژوب، آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کی چیئرمین میونسپل کمیٹی حرمزئی پر قاتلانہ حملے کی شدید مذمت

ژوب (یو این اے) آل بلوچستان لوکل کونسل فورم نے کوئٹہ میں چیئرمین میونسپل کمیٹی حرمزئی سید حیدر شاہ پر ہونے والے مبینہ قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومتِ بلوچستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے ملزمان کی فوری گرفتاری اور واقعے کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ فورم کے مطابق مسلح افراد کے بزدلانہ حملے میں سید حیدر شاہ کے سر پر شدید چوٹیں آئیں اور وہ اسپتال میں زیرِ علاج ہیں۔

اوستہ محمد، صحافیوں کے خلاف بے جا تنقید اور کردار کشی پر پریس کلب کا شدید ردعمل

پاکستان پیپلز پارٹی کی خبروں کے بائیکاٹ کا اعلان، شرپسند عناصر کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا فیصلہ

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد صحافیوں کے خلاف بے جا تنقید اور کردار کشی پر پریس کلب اوستہ محمد کے صحافیوں نے سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند مفاد پرست عناصر اپنی سیاسی دکان چمکانے کے لیے صحافیوں کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ مفاد پرست ڈولا صحافیوں سمیت مقامی افسران منتخب عوامی نمائندوں سمیت تاجر برادری کو ایسے روز سوشل میڈیا کے ذریعے بلیک میلنگ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں اب تو ان بلیک نے صحافی برادری کے خلاف کردار کشی اور بے جا تنقید کر رہے ہیں صحافیوں نے کہا کہ اوستہ محمد کے صحافیوں نے ہمیشہ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور مظلوم عوام کی آواز ایوانِ اقتدار تک پہنچانے کے لیے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتیں بروئے کار لائی ہیں۔ صحافت ایک ذمہ دار شعبہ ہے اور عوامی مسائل کی نشاندہی کرنا صحافیوں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ پریس کلب اوستہ محمد نے پاکستان پیپلز پارٹی کی خبروں کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اگر مفاد پرست عناصر نے اپنی روش تبدیل نہ کی تو صحافی برادری ان کے مبینہ کارنامے عوام کے سامنے لانے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ صحافیوں کا کہنا تھا کہ صحافی ہرگز لاوارث صحافی برادری نے کہا کہ پریس کلب اوستہ محمد کے تمام صحافی برادری نے مشترکہ طور پر فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ کوئی بھی شخص صحافیوں کی کردار کشی کرے گا۔ ان کے خلاف آئینی وقت قانونی چارہ جوئی کرنے سے بھی دریغ نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ چند مفاد پرست ٹولہ ہمیشہ سوشل میڈیا کا سہارا لے کر مقامی افسران منتخب عوامی نمائندوں اور سیاسی و سماجی شخصیات کے خلاف ویڈیو پیغام کے ذریعے بلیک میل ان کر کے اپنی سیاسی دکان چمکانے کی ناکام کوشش کرتے ہیں اس کا محمد کی غیور عوام اپنے دوست اور دشمن میں تمیز رکھتے ہیں اور ایسے شرپسند مفاد پرست عناصر کے بلیک میلنگ میں ہرگز نہیں آئیں گے صحافی برادری نے حکام بالا سے پرزور اپیل کرتے ہوئے۔۔

زمینداروں کو بروقت پانی کی فراہمی کے لیے مثبر اقدامات

ڈی جی واٹر مینجمنٹ محبوب بلوچ کی کاوشیں قابلِ تحسین

کوئٹہ (یو این اے) عوامی حلقوں اور زمیندار برادری نے زمینداروں کو بروقت اور تسلسل کے ساتھ پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے محکمہ واٹر مینجمنٹ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے ڈی جی واٹر مینجمنٹ محبوب بلوچ کی کاوشوں کو قابلِ تحسین قرار دیا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم اربان انیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 Daily.aaina94@gmail.com

چیف ایڈیٹر و پبلشر عامر امیر اعوان نے روزنامہ آئینہ کوئٹہ سٹیزر پرنٹر پرائیوٹ لمیٹڈ سے چھپوا کر دفتر 9-13/28 پاکستان لائن کواری روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

بے صبر وذرا نیچے دیکھو

نسیم شاہد

عہدِ موجود میں ہر شخص بے صبری کی بیماری میں مبتلا ہو چکا ہے۔ شکر گزاری ناپید ہوگئی ہے اور شکوہ طرازی معمول بن گئی ہے۔ کیا اس طرح معاشرے چلتے ہیں؟ کیا اپنے حق سے زیادہ حاصل کرنے کا جنون زندگی میں ٹھہرا رہنے دیتا ہے؟ یہ بے صبری کئی اقسام کی ہے جو سب سے پہلے ہماری ان نعمتوں کو چاٹ جاتی ہے جو قدرت نے ہمیں دے رکھی ہیں اس بے صبری میں مبتلا ہو کر ہم سب سے پہلا نقصان تو یہ کرتے ہیں کہ خود بے چین، افسردہ، خود ساختہ دکھی اور زندگی سے مایوس ہو جاتے ہیں۔ صبر سے کام لیں تو کئی چیزیں ہمارے لئے آسان ہو جائیں۔ دو روز پہلے ڈاکٹر ذوالفقار علی رانا نے کہا ذرا ایک چکر چلڈرن کمپلیکس ہسپتال ملتان کے تھیلیسیمیا اور کینسر وارڈز کا لگائیں اس پر لکھیں کہ وہاں زندگی کس دکھ کے ساتھ چل رہی ہے۔ کل میں وہاں چلا گیا، یہ وہ بچے ہیں جو بچ بھی جائیں تو 18 سال سے زیادہ مشکل ہی سے جیتے ہیں۔ وہاں ان کی مائیں بھی موجود تھیں، جن کی آنکھوں میں ایک دکھ میں لپٹی ہوئی اداسی اور غم تھا۔ ڈاکٹر ذوالفقار علی رانا نے بتایا ان بچوں کا سب سے بڑا مسئلہ انسانی خون ہے۔ خون لگتا ہے تو زندگی چلتی رہتی ہے۔ اب تھیلیسیمیا کے بچوں کی ملک میں تعداد ایک لاکھ ہو چکی ہے جن کے لئے چوبیس لاکھ خون کی بوتلیں سالانہ درکار ہوتی ہیں۔ بلڈ کینسر میں مبتلا بچوں کے لئے بھی خون اتنا ہی ضروری ہے۔ میں نے ان وارڈز میں دو گھنٹے گزارے تو مجھے لگا میں دنیا کا سب سے دکھی آدمی ہوں کہ ایک ایک بچے کی صورت غم کی کہانی میرے سامنے رقصاں تھی۔ البتہ مجھے وہاں جانے کا ایک فائدہ ضرور ہوا کہ میرے اندر کی کثافتیں دور ہوگئیں۔ وہ حرص، طمع، احساسِ محرومی اور بے صبری جو ہر وقت تنگ کئے رکھتی تھی، صابن کے میل کی طرح نکل گئیں، ایک شکر گزاری کا جذبہ دل میں امنڈ آیا کہ اللہ نے مجھے ایسے کسی امتحان سے محفوظ رکھا اگر میں بھی کسی ایسے بچے کا باپ کا ہوتا تو زندگی کیسے گزرتی۔ یہ خیال ہی مار ڈالتا کہ اس نے زیادہ عرصے میرے ساتھ نہیں رہنا۔ چھوڑ کے چلے جانا ہے۔ پھر میں زندگی کے آہستہ چلنے کی دعائیں مانگتا کہ جتنا آہستہ چلے گی اتنا ہی یہ بچہ میرے پاس رہے گا۔ میں گھر واپس آیا تو میں نے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو دیکھی۔ غالباً بھکر یا کسی دوسرے کسی ضلع کے ڈپٹی کمشنر نے تھیلیسیمیا میں مبتلا ایک 19 سالہ بچی کو ایک دن کے لئے ڈپٹی کمشنر بنا دیا تھا، وہی پروٹوکول، وہی اختیار اور وہی افسرانہ دبدبہ، وہ بچی بڑے فخر اور خوشی سے ڈی سی کی کرسی پر بیٹھے کام کرتی نظر آئی، مگر پھر یہ خبر میرے دل پر بجلی بن کر گری کہ اگلے دن اس کی زندگی ختم ہوگئی۔ وہ اس دنیا سے چلی گئی۔

ہماری بے صبری کا عالم یہ ہے کہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر کڑھتے ہیں، غمزدہ ہو جاتے ہیں، اپنے محلے میں اس گھر کو نہیں دیکھتے جہاں تین نوجوان معذوری کی حالت میں وہیل چیئر پر بیٹھے ہیں، لیکن وہ گھر ہمارے نشانے پر رہتا ہے جہاں کوئی بڑی گاڑی آ گئی ہو یا اس نے کئی مرلے میں گھر بنایا ہو۔

فاعتبرو!

ڈاکٹر یونس حسنی

ایک زمانے میں ذوالفقار علی بھٹو صاحب اپنی سیاسی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی کے سربراہ اور ملک کے انتہائی مقبول رہنما تھے۔ سیاستجز یہ ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی صاحب خود ایک عالم بے بدل تھے اور اس زمانے کے چانسلر صاحب نے ان کی لیاقت، غیر معمولی شرافت اور علم وعمل سے آراستہ شخصیت ہونے کے باعث انھیں جامعہ کراچی کا شیخ الجامعہ مقرر کیا۔ ظاہر ہے کہ وہ اس منصب جلیلہ کے تقاضوں کو بہ خوبی جانتے تھے اور اس عہدے کا احترام کرانے کا سلیقہ ان میں ودیعت کیا گیا تھا۔

ایک زمانے میں ذوالفقار علی بھٹو صاحب اپنی سیاسی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی کے سربراہ اور ملک کے انتہائی مقبول رہنما تھے۔ ان کی تقاریر جلسوں میں آگ لگا دیتیں، نوجوانوں کے وہ محبوب لیڈر تو تھے ہی ملک کی اشرافیہ بھی ان سے مرعوب تھی۔ سیاستجز یہ انھیں اشتیاق حسین قریشی صاحب سے نظریاتی اختلاف تھا اور سیاست کے جوش میں انھوں نے ایک جلسہ عام میں ڈاکٹر صاحب موصوف کے لیے کچھ نامناسب الفاظ کہے۔ ڈاکٹر صاحب بھلا اس کا کیا جواب دیتے اور کیوں دیتے، البتہ ملک کے علمی حلقوں میں بھٹو صاحب کی غیر معمولی مقبولیت کے باوجود ان کے رویے کو ناپسند کیا گیا۔ علم اور صاحب علم کی عظمت کا احساس ابھی باقی تھا۔

پھر ڈاکٹر محمود حسین صاحب شیخ الجامعہ مقرر ہوئے۔ وہ بھی سراپا علم اور علم کے علم بردار تھے۔ ان کے زمانے میں ایک روز چند طالب علموں نے انھیں جامعہ کی چھوٹی سی لفٹ کے پاس روکا اور اپنے کچھ مطالبات پیش کیے۔

ڈاکٹر صاحب نے انھیں سنا اور ان پر غور کرنے کا اور اس کی روشنی میں اقدام کرنے کا وعدہ کیا۔ ایک طالب علم کو عین اس وقت جب صاحب موصوف اپنی بات ختم کر کے لفٹ میں سوار ہونے جانے لگے، کوئی اور مطالبہ بھی یاد آ گیا۔ وہ تیزی سے لفٹ کی طرف بڑھا اور ڈاکٹر صاحب کی شیروانی کا دامن ہی چھو سکا کہ لفٹ چل پڑی مگر ڈاکٹر صاحب کی شیروانی کا دامن لفٹ کے دروازے میں اٹک گیا۔ اس سے نقصان تو کچھ بھی نہیں ہوا، البتہ ڈاکٹر صاحب کو طالب علم کی یہ جرات غیر مہذب اور ناشائستہ لگی، وہ اوپر اپنے کمرے میں گئے، استعفیٰ لکھا اور گھر چلے گئے۔

کچھ مدت بعد ڈاکٹر احسان رشید شیخ الجامعہ مقرر ہوئے۔ اس وقت تک جامعہ میں فائرنگ کے رواج کی ابتدا ہوئی تھی۔ ایک روز طلبا نے کسی معاملے میں مشتعل ہو کر شیخ الجامعہ کے دفتر کے باہر نعرے بازی کی، جامعہ کے ارباب حل وعقد نے لڑکوں کو سمجھا بجھا کر ٹھنڈا کر دیا مگر احسان رشید صاحب کو یہ بات سخت ناگوار گزری، وہ اپنی گاڑی میں بیٹھے گھر آئے اور دوسرے دن وہ دفتر میں نہیں آئے، ان کا استعفیٰ آیا۔

یہ تھے وہ لوگ جو شیخ الجامعہ کے منصب اعلیٰ پر فائز ہونے کے لائق تھے۔ وہ اس منصب کے صرف اہل نہ تھے بلکہ اس کی عظمت کے تحفظ کے امین بھی تھے۔ وہ اسے ملازمت نہیں سمجھتے تھے بلکہ نوجوان نسل کی تربیت کا مقدس فریضہ خیال کرتے تھے اور اگر کبھی ان کے منصب پر حرف آنے لگتا تو کوئی مصلحت آڑے نہیں آتی تھی۔

وہ اپنے دامن پر آنے والی آنچ کو دراصل جامعہ اور اس کے ماحول کی توہین گردانتے تھے اس لیے ذرا سی بدتمیزی بھی انھیں بہت نظر آتی تھی اور اس سے بے زاری وہ مستعفی ہو کر دیتے تھے، کیونکہ ان کے نزدیک کسی عہدے سے چمٹے رہنا اس عہدے کا احترام نہیں بلکہ اسے دوسروں کے حوالے کر کے اس کے تحفظ کو یقینی بنانا ضروری ہوتا ہے جب طالب علم معمولی سی شکایات پر شیخ الجامعہ کا گھیراو کرنے لگیں تو انھیں سبق سکھانے کے لیے عہدہ چھوڑ دینا ضروری خیال کرتے تھے۔

اب تصویر کا دوسرا رخ بھی دیکھ لیجیے۔ دروغ برگردن راوی سنا ہے کہ جامعہ اردو آج کل شدید مالی بحران میں مبتلا ہے، نوبت یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ اساتذہ کو کئی کئی ماہ تنخواہیں نہیں مل پاتیں۔ یہ قومی زبان میں تدریس کا واحد علمی ادارہ ہے اور جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ اردو یونیورسٹی ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اس جامعہ کا تحفظ اہتمام کے ساتھ کیا جاتا مگر یہاں تو جامعہ کے اساتذہ کے ہاتھوں میں کشکول گدائی تھما دیا گیا ہے۔

راوی ہی کے مطابق جامعہ کے شیخ کے فرائض میں شامل ہے کہ جامعہ کے تقدس، ترقی اور تدریسی خدمات کی بہتری کے لیے وہ مناسب اقدامات کرے مگر شاید اب شیوخ الجامعہ کوئی اچھی مثال قائم کرنے کے لیے مطلق تیار نہیں ہیں۔

کئی ماہ سے قوت لایموت سے محروم اساتذہ طرح طرح احتجاج کرتے رہے اور فقیرانہ صدائیں بلند کرتے رہے مگر ایوان صدر سے لے کر عوامی سرکار تک کسی کے سر میں جوں نہ رینگی۔ یہ صورت حال دیکھ کر ایک استاد اب انھیں شیخ الجامعہ کے بجائے وائس چانسلر کہنا ہی مناسب ہے کیونکہ اردو لقب اب جامعہ اردو کے شیخ الجامعہ کو زیب نہیں دیتا، وہ وائس چانسلر ہی اچھے۔ چنانچہ ان وائس چانسلر کی دفتر سے روانگی کے وقت ایک دلیر استاد نے آو دیکھا نہ تاو، ان کی گاڑی کے آگے لیٹ گیا کہ روز روز مرتے رہنے سے بہتر ہے ایک بار ہی مر لیا جائے۔ وائس چانسلر صاحب نے گاڑی چھوڑی اور جامعہ سے باہر آ کر رکشہ لیا اور چلتے بنے، گاڑی وہیں چھوڑی کہ گاڑی کا تو کوئی قصور نہ تھا۔

ایک بزرگ مجھے اکثر ملتے تھے، واک کے دوران بھی کہیں نظر آ جاتے تو میں ان کے پاس ضرور جاتا، وہ پہلا سوال ہی یہ کرتے تھے، آج شکر ادا کیا، میں کہتا تھا ہاں کیا ہے۔ ایک بار چند دوست بھی میرے ساتھ تھے۔ ہم گئے ملنے تو ان کا سوال یہی تھا، اس پر ایک دوست جلد بازی میں پوچھ بیٹھے، کس بات کا شکر جناب، انہوں نے حیرت زدہ نگاہوں سے ان کی طرف دیکھ کر کہا اس بات کا کہ تم آج بھی واک کر رہے ہو، واک کرنے کے قابل ہو۔ پھر انہوں نے دور سے وہیل چیئر پر آتے ہوئے ایک شخص کی طرف اشارہ کیا، جسے ایک آدمی چلا کر لا رہا تھا۔ اس حالت میں پہنچو گے تو شکر کرو گے؟ یہ سنتے ہی میرے دوست پر لرزہ طاری ہو گیا۔ نہیں نہیں سرکار میں نے تو ویسے ہی پوچھا تھا کہ کوئی خاص بات ہوگئی ہے جس کا شکر ادا کیا جائے۔ انہوں نے کہا یہ خاص بات تھوڑی ہے کہ تم اپنے قدموں پر کھڑے ہو۔ ذرا ہسپتال کے ہڈی جوڑ وارڈ کا چکر تو لگا، جن ٹانگوں، بازوں، ریڑھ کی ہڈی اور دماغ کی سلامتی پر تم شکر ادا نہیں کر رہے وہ کتنے لوگوں کی زندگی کا سب سے بڑا دکھ بنی ہوئی ہے۔ پھر انہوں نے کہا صرف دو لفظوں کو اپنی زندگی کا حصہ بنا لو کبھی غم، دکھ، مایوسی اور ڈپریشن تمہارے پاس نہیں آئے گی ایک صبر اور دوسرا شکر ہے، اب جا واک کرو۔

اب مسئلہ یہ ہے کہ ایسی باتیں زندگی کی اندھا دھند دوڑ میں کیسے سمجھ آتی ہیں۔ ہر بندہ دکھی ہے اور کھوج لگائیں تو دکھ کی وجہ یہی بے صبری اور ناشکری نظر آئے گی۔ سڑکوں پر بے صبری قیامتیں ڈھا رہی ہے۔ اپنی لائن اور لین میں نہ رہنا زندگی سے محروم کر دیتا ہے یا زندگی کو اپاہج بنا دیتا ہے۔ دفتروں میں یہی بے صبری ایک سازشی ماحول کو جنم دیتی ہے جس میں ہر کوئی دوسرے سے آگے نکلنا چاہتا ہے۔ دولت کے حصول میں بھی اور ترقی میں بھی۔ سکون کی زندگی بذات خود ایک بڑی نعمت ہے۔ روکھی سوکھی کھا کے پرسکون زندگی گزر رہی ہو تو وہ اس زندگی سے کہیں بہتر ہے جس میں اولاد کا دکھ، اپنی بیماری کا دکھ یا کسی عزیز کی معذوری کا غم موجود ہو۔ ان سے بچے ہوئے ہیں تو سمجھو آپ سے بڑا خوش نصیب کوئی نہیں۔ یہ صبر کی جگہ ہے شکوے کی نہیں۔ یہ دنیا کی سب سے بڑی نعمتیں ہیں خدانخواستہ

چھوٹی سی دنیا، آپ اپنی ولایت

شاہد ملک

ہمارے بڑوں میں بی بی سی اردو کے سید اطہر علی آخری آدمی تھے جنہوں نے کار کو کار کبھی نہ کہا، ہمیشہ موٹر ہی کہتے رہے۔ اِس سے زیادہ اپنائیت کا احساس جید صحافی آئی اے رحمان کی زبان سے انگلینڈ کے لیے ولایت کا لفظ سن کر ہوا کرتا۔ اپنائیت اِس لیے کہ ہمارے بچپن میں، جب پاکستان بنے سات آٹھ برس ہوئے ہوں گے، ولایت اور ولایتی کے الفاظ اکثر سننے میں آتے۔ افراد ہی نہیں، اشیا بھی دو حقیقی یا خیالی زمروں میں تقسیم تھیں۔ لوگ کہتے یہ سامان دیسی ہے اور دوسرا میڈ اِن انگلینڈ۔ عجیب بات کہ راہوالی کی گرد آلود کھانڈ دیسی چینی کہلاتی اور مردان کی پریمیئر مِل کی چمکدار شوگر ولایتی چینی۔ البتہ سیالکوٹ کی سی ایس ڈی اور ایمیلیا ہوٹل کی ڈیوڑھی میں آغا کے شیلف میں سجی ولایتی ٹافیوں کی مسحور کن خوشبو آبائی محلے کی ان چوسنے والی دیسی گولیوں سے بہت مختلف ہوتی جنہیں بعد میں ہمارے دانشور دوست شاہد مسعود نے اجزائے ترکیبی کی بنا پر گڑ کینڈی کا نام دیا تھا۔

ولایتی مصنوعات کی برتری پر اولین چوٹ بناسپتی گھی نے لگائی۔ ایک تو دیسی کے مقابلے میں یہ واحد کم قیمت ولایتی آئٹم تھا۔ دوسرے زرعی سے صنعتی سماج میں بدلنے والی بیشتر آبادی گھر کے دودھ گھیو کے برعکس ویجیٹیبل آئل کا استعمال کسرِ شان سمجھا کرتی۔ پر جناب، دیسی، ولایتی کی تمیز میں بناسپتی گھی کا مسئلہ معمول سے ہٹ کر ہے۔ ورنہ وہ دن نہیں بھولتا جب سنگر سلائی مشین پر بیٹیوں کے کپڑے سیتے ہوئے والدہ سے مشین کی سوئی ٹوٹ گئی۔ چنانچہ بڑا بچہ ہونے کے ناتے مجھی کو نئی سوئی کے لیے بازار بھیجا گیا۔ دکاندار کا کہنا تھا کہ جاپانی سوئی پچیس پیسے، جرمن چالیس اور انگلش پچاس پیسے میں ملے گی۔ یوں لگا کہ اِس کیش پر چیز کے ٹنڈر کھولنا میرے اختیار میں نہیں۔ پوچھنے کے لیے گھر لوٹا تو ماں کے منہ سے انگلش کا لفظ اتنے اعتماد سے نکلا جیسے وہ میری ناسمجھی کا مذاق اڑا رہی ہوں۔

تب گرمی کی چھٹیوں میں علامہ اقبال کی بانگ درا کا ایک نسخہ ہمارا ہاتھ لگ گیا تھا۔ کئی غزلوں کا ترنم سیٹ کرنے میں محمد رفیع اور لتا منگیشکر سے چھوٹے بھائی زاہد اور میں نے جو مدد لی اس کا ذکر ایک کتاب میں کر چکا ہوں۔ طویل نظم تصویرِ درد تہہ دار معانی کے باوجود آسان لگی کہ اِسے گانے کے لیے ابوالاثر حفیظ جالندھری کے سلام اے آمنہ کے لال والی دھن موجود تھی۔ مگر گیارہ، بارہ سال کے لڑکوں نے جب متن پر غور کیا تو الجھا پیدا ہونے لگا۔ یہ ٹھیک ہے کہ چند روز پہلے نواب کلب علی خاں فائق رامپوری کے مرتب کردہ مکاتیبِ غالب میں ہم ایک لفظ کوخس کی ٹٹی کی جگہ کچھ اور سمجھ کر بہت ہنسے تھے۔ والد سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ اِسے ماضی میں برقی پنکھے کا متبادل سمجھ لو۔ تصویرِ درد والا مغالطہ زیادہ گمبھیر ہے۔

دراصل یہ غلطی اتنی باریک تھی کہ ہمیں کوتاہی کا شائبہ گزرا نہ یہ احساس ہوا کہ کسی سے معانی پوچھنے کی کوشش کریں۔ علامہ کا مصرع تھا میں وہ چھوٹی سی دنیا ہوں کہ آپ اپنی ولایت ہوں۔ ولایت کی تفہیم کے لیے ولی اور والی سے مدد لینے کا خیال نہ آیا جو دوستی، قربت اور روحانی تعلق کا اشارہ ہیں۔ سیاسی زاویے سے راجا کی قلمرو رجواڑا کہلاتی تھی، رئیس کی عملداری ریاست اور والی کے زیرِ نگیں علاقہ ولایت۔ ہم یہی سمجھے کہ علامہ نے خود کو انگلینڈ سے تشبیہ دی ہے۔

تشبیہہ کے بھید چھیالیس سال پہلے کھلے جب برٹش کونسل نے انگریزی تدریس کے پوسٹ گریجوایٹ کورس کے بہانے سال بھر کے لیے ایک برطانوی یونیورسٹی میں بھیج دیا۔ برٹش کونسل کی تحریری ہدایت تھی کہ طالب علم ہیتھرو ائرپورٹ پر آمد کی پیشگی اطلاع کسی دوست یا عزیز کو نہ دے کیونکہ اِس سے انتظامات میں خلل پیدا ہوتا ہے۔ میرے کیس میں خلل اِس لیے پیدا ہوا کہ طے شدہ پروگرام کے برعکس اس رات میزبان ادارے کا نمائندہ ہوائی اڈے پر

دہشت گردی سے کیسے نمٹا جائے؟

سلمان عابد

یہ ایک واقعی سنگین خطرہ اور چیلنج ہے کہ ہم مسلسل دہشت گردی کے خطرات سے دوچار ہیں۔

یہ ایک واقعی سنگین خطرہ اور چیلنج ہے کہ ہم مسلسل دہشت گردی کے خطرات سے دوچار ہیں۔ پچھلے چار دن میں بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی کے مختلف واقعات میں 42 جوان اور شہری شہید ہوئے ہیں جب کہ سیکیورٹی اداروں نے بھی عملاً 54 دہشت گردوں کو ہلاک کیا ہے۔ جب کہ ان دہشت گردی کے واقعات میں زخمی ہونے والے اور یرغمالی افراد کی تعداد بھی کافی بڑی تعداد میں دیکھنے کو مل رہی ہے۔ دہشت گردی کے ان واقعات میں بلوچستان اور خیبر پختونخواہ دہشت گردوں کا بڑا مرکز بنا ہوا ہے جہاں وہ ہماری بہت سی داخلی سیاسی اور انتظامی خامیوں کو بنیاد بنا کر دہشت گردی کر کے حکومت کی رٹ کو چیلنج کرتے ہیں۔

پاکستان کی سطح پر دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے داخلی اور علاقائی سطح پر مختلف سیاسی، انتظامی اور سیکیورٹی حکمت عملی اور مختلف نوعیت کے اداروں کی عملاً تشکیل بھی کی گئی ہے۔ یہ تجزیہ سیاسی اور سیکیورٹی کے سیاسی اور انتظامی ماہرین کی سطح پر کرنے کی ضرورت ہے کہ ہم نے عملی طور پر دہشت گردی کی اس جنگ کے خاتمہ میں کتنی کامیابی حاصل کی اور کہاں آج بھی وہ چیلنجز ہیں جو ہمارے لیے بڑے مسائل یا ناکامی کو پیدا کر رہے ہیں۔

کچھ مسائل داخلی نوعیت کے ہونگے اور کچھ مسائل علاقائی نوعیت سے جڑے ہوئے ہیں جن کا سنجیدگی سے تجزیہ درکار ہے۔ کیونکہ دہشت گردی کا علاج محض جذباتی ردعمل کی سیاست اور حکمت عملی سے ممکن نہیں۔ ہمیں دہشت گردی کو سیاسی تنہائی میں دیکھنے کی بجائے ریاست کے سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی کے نظام کی بنیاد پر دیکھنا ہوگا۔ اگر ہم نے دہشت گردی پر قابو نہ پایا تو معاشی ترقی اور معاشی امکانات سمیت سیاسی استحکام بھی پیدا نہیں ہو سکے گا۔

اس میں کوئی شک نہیں ماضی سے لے کر اب تک ہم نے دہشت گردی کی جنگ میں داخلی، علاقائی اور عالمی سطح پر ایک بھاری قیمت ادا کی۔ ماضی کی بہت سی سیاسی اور غیر سیاسی حکومتوں کے فیصلوں کی وجہ سے بھی داخلی سطح پر ہمیں دہشت گردی کے تناظر میں کئی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن اب ماضی سے باہر نکل کر حال اور پھر مستقبل کی طرف پیش قدمی کو ممکن بنانا ہے۔ پاکستان کو داخلی سطح پر جو سیکیورٹی کے مسائل ہیں اس سے نمٹنے کو کیسے ہم اپنی بڑی قومی سیاسی اور سیکیورٹی ترجیحات بنا سکتے ہیں۔ اس پر ایک بڑی پیش رفت کی ضرورت ہے۔ یہ جنگ سیاسی تنہائی میں نہیں لڑی جا سکتی ایک طرف ہمیں انتظامی دوسری طرف سیکیورٹی اور تیسری طرف ہم کو سیاسی حکمت عملی اور چوتھی طرف ادارہ جاتی سطح پر موجود حکمت عملیوں کا جائزہ لے کر اسے نئے سرے سے ترتیب دینا ہوگا تاکہ ہم آگے بڑھ سکیں۔ کیونکہ محض طاقت کی بنیاد پر بھی یہ جنگ نہیں جیتی جا سکے گی اور نہ ہی محض سیاسی حکمت عملی کی بنیاد پر بڑا نتیجہ نکلے گا۔ اس کے لیے طاقت اور سیاسی حکمت عملی کے درمیان توازن پر مبنی پالیسی درکار ہے۔

بلوچستان میں صوبائی حکومت اور مقامی سطح کی سیاسی جماعتوں اور وہاں کی قیادت کے درمیان جو خلیج ہے وہ بھی مسائل کو پیدا کرنے کا سبب بن رہی ہے۔

بلوچستان کی صوبائی حکومت کو صوبائی سیاسی قیادت اور جماعتوں کے ساتھ بیٹھ کر حکمت عملی اختیار کرنا چاہیے، صوبائی سیاسی جماعتیں بھی حکومت کے ساتھ بیٹھنے سے گریز کر رہی ہیں۔ پی ٹی آئی کی جانب سے بلوچستان کے حالات پر ہونے والی اے پی سی کے مشترکہ اعلامیہ میں بھی یہ کہا گیا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ سیاسی، آئینی اور قانونی یا انسانی حقوق کا مسئلہ ہے اور ان کے بقول مسئلہ کے حل کے لیے ایک ہمیں جامع ٹروتھ اینڈ ری کنسلیشن قائم کیا جائے تاکہ وہاں کوئی پائیدار حل سامنے آ سکے۔ اس کانفرنس میں بیرسٹر گوہر، سردار اختر مینگل، محمود خان اچکزئی اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی شامل تھے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ بلوچستان کے بہت سے مسائل کا تعلق سیاسی اور محرومی کی سیاست سے جڑا ہوا ہے۔ ان میں سیاسی اور شناخت کے سوال، معاشی محرومی اور وسائل کی تقسیم، سیکیورٹی اور انسانی حقوق، گورننس اور ترقیاتی عمل کا نہ ہونا شامل ہیں۔ لیکن یہ سب کچھ بات چیت کی مدد سے ممکن ہو سکتا ہے اگر یہ طے کر لیا جائے کہ اپنے مسائل کا حل طاقت کی بجائے بات چیت کی ہی مدد سے حل کرنا چاہتے ہیں۔ جن لوگوں نے بندوق اٹھائی ہوئی ہے اس کے خلاف سب سیاسی قوتوں کو مل کر ریاست کے ساتھ کھڑے ہونا ہوگا۔

ایک مسئلہ پاکستان کو بھارت اور افغانستان سے بھی درپیش ہے اور ان دونوں ممالک کا باہمی گٹھ جوڑ پاکستان کی داخلی سلامتی اور سیکیورٹی کو چیلنج کر رہا ہے۔ ان دونوں ممالک کی پاکستان کے خلاف پراکسی وار ایک بڑا خطرہ ہے اور مسلسل یقین دہانیوں کے باوجود نہ بھارت اور نہ افغانستان ہمارے تحفظات کو دور کر رہا ہے۔ بالخصوص افغانستان میں موجود طالبان حکومت کسی بھی طور پر پاکستان مخالف ٹی ٹی پی کے خلاف کوئی ایکشن لینے کے لیے تیار نہیں۔ پاکستان اور افغانستان کے تناظر میں ترکیہ، قطر، سعودی عرب اور چین میں ہونے والے پاکستان افغانستان مذاکرات کا بھی کوئی بڑا مثبت نتیجہ نہیں نکل سکا اور ایسے لگتا ہے کہ ہم افغانستان سے تعلقات کی بہتری میں دور ہوتے جا رہے ہیں جو ہماری داخلی سیکیورٹی کے لیے کوئی اچھی علامت نہیں۔ خود چین، روس، قطر، ترکیہ، سعودی عرب کو بھی پاکستان افغانستان تعلقات میں موجود خلیج یا بداعتمادی پر تشویش ہے۔ اصولی طور پر پاکستان افغانستان تعلقات کی بہتری کے لیے مذاکرات کا جو عمل تعطل کا شکار ہوا ہے اسے ہر صورت دوبارہ شروع ہونا چاہیے اور اس میں چین سمیت روس کو کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا۔

یہ سب کچھ اس لیے بھی ضروری ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کا خاتمہ افغانستان سے تعلقات کی بہتری کے ساتھ ہی جڑا ہوا ہے۔ اس پر پاکستان کو سفارت کاری کے محاذ پر اپنا مقدمہ مضبوط بنیادوں پر پیش کرنا ہوگا اور باور کروانا ہوگا کہ کس طرح سے افغانستان پاکستان کو داخلی سطح پر کمزور کر رہا ہے۔

پاکستان کو یہ شکایت ہے کہ افغانستان دہشت گردوں کی آماجگاہ بن چکا ہے افغان حکومت دہشت گردوں کے خلاف کسی بھی قسم کی کارروائی کرنے سے گریز کر رہی ہے وہ یقین دہانی تو کراتی ہے کہ وہ دہشت گردوں کی حمایت نہیں کرے گی مگر جو صورت حال سامنے آتی ہے اس کے مطابق افغان حکومت اپنے قول پر عمل نہیں کر رہی۔ دہشت گرد افغانستان میں آزادانہ گھوم رہے اور پاکستان کے لیے مسائل پیدا کر رہے ہیں۔

اسی طرح سے ہم نے داخلی سطح پر دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے میکنزم یا ادارے بنائے ہوئے ہیں ان کی فعالیت کو مزید موثر بنانا ہوگا اور بالخصوص پاکستان کی بڑی سیاسی جماعتوں کو بلوچستان کے حل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ جو حالیہ دہشت گردی کے واقعات ہمیں دیکھنے کو مل رہے ہیں یہ ریاست کی اپنی بقا کے لیے ایک بڑا چیلنج رکھتے ہیں۔ ہمیں دہشت گردی کے اس داخلی بحران سے نکلنے کے لیے خود ملک میں ایک بڑا سیاسی استحکام درکار ہے۔

موجودہ حالات میں نئی حکمت عملیوں کو کیسے ترتیب دینا ہے اور جن فرد یا یا جماعتوں کی پالیسیوں پر تحفظات ہیں ان کو کیسے کم کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ دہشت گردی کی یہ جنگ پاکستان کے خلاف ہے اور اس جنگ کا مقابلہ ہم سب نے مل کر کرنا ہے۔

ایسے میں ہم سب کا متفق ہونا اور جنگ کے خلاف بغیر کسی جھول کے کھڑا ہونا ہم سب کی مشترکہ ذمے داری ہے۔ لیکن اس کے لیے ایک بڑی قومی سطح پر وسیع تر مشاورت درکار ہے اور بالخصوص موجودہ حالات میں پارلیمنٹ کا ایک مشترکہ اجلاس یا تمام سیاسی جماعتوں کی مشترکہ کانفرنس کی مدد سے ایسا مشترکہ اعلامیہ اور حکمت عملی تو ترتیب دینے میں حکومت پہل کر سکتی

بھارت، اسرائیل، شیواجی اور دھریندر

وسعت اللہ خان

جیسے جیسے دونوں ممالک عالمی برادری میں الگ تھلگ نظر آ رہے ہیں ویسے ویسے یہ تنہائی انھیں مزید قریب لا رہی ہے۔

جب سات اکتوبر دو ہزار تیئس کو جنوبی اسرائیل میں حماس کے مسلح شبخون کے نتیجے میں ایک ہزار سے زائد اسرائیلی و غیر ملکی شہری ہلاک ہوئے تو نیتن یاہو کی میز پر اظہار یکجہتی کا پہلا پیغام واشنگٹن یا یورپ سے نہیں بلکہ نریندر مودی کی جانب سے آیا۔ اس دہشت گرد کارروائی سے شدید صدمہ پہنچا ہے۔ آزمائش کی اس گھڑی میں ہم آپ کے شانہ بشانہ ہیں۔ جب کہ ایک اور قریبی دوست ایران کے رہبرِ اعلیٰ علی خامنہ ای کی اسرائیلی بمباری میں شہادت کی تعزیت میں مودی حکومت کو چار دن لگے۔

مودی جی آخری غیر ملکی رہنما تھے جنھوں نے ایران پر اسرائیل اور امریکا کے اچانک حملے سے دو دن پہلے تل ابیب میں اسرائیلی پارلیمنٹ کنیسٹ میں پھاور لینڈ مدر لینڈ والا خطاب کر کے سب کے دل موہ لیے۔ بھارت میں اسرائیل کے سفیر روون آزر کے بقول ایک ایسی دنیا جو آفاقیت اور قوم پرستی کے مرحلے سے آگے نکل رہی ہے، مودی اور نیتن یاہو نہ صرف قوم پرستی بلکہ قومی شناخت کے داعی ہیں۔

جیسے جیسے دونوں ممالک عالمی برادری میں الگ تھلگ نظر آ رہے ہیں ویسے ویسے یہ تنہائی انھیں مزید قریب لا رہی ہے۔ نیتن یاہو جرائم کی بین الاقوامی عدالت سے وارنٹ نکلنے کے بعد نہ صرف کئی مغربی ممالک میں ناپسندیدہ قرار پائے ہیں بلکہ اب تو سب سے بڑے اتحادی امریکا کی رائے عامہ بھی کھلم کھلا بیزاری کا اظہار کر رہی ہے۔

البتہ مودی حکومت سمجھتی ہے کہ انتہا پسند اسلام کی لہر کے آگے بند باندھنے کی کوششوں میں بھارت اور اسرائیل کو پہلے سے زیادہ یکجا ہونے کی ضرورت ہے۔ اسرائیل کو بھی مغرب میں بڑھتی ہوئی بیزاری کے سبب مشرق میں ایک مضبوط اقتصادی و نظریاتی پارٹنر کی اتنی ہی ضرورت ہے۔ ان دونوں کو ایک خلیجی ساجھے دار متحدہ عرب امارات کی شکل میں میسر ہے۔ عجیب بات ہے کہ اس بڑھتی ہوئی قربت کے باوجود بھارت آج بھی کاغذی طور پر فلسطین کے دو ریاستی حل کا حامی ہے۔ وہ حل جو بقول نیتن یاہو زمین میں گہرا دفن ہو چکا ہے۔

بھارت کی کسی ایک ٹوکری میں تمام انڈے رکھ دینے والی ایسی خارجہ پالیسی کبھی بھی نہیں تھی۔ سرد جنگ کے زمانے میں بھارت نہ صرف غیر جانبدار تحریک کے صفِ اول کے علمبرداروں میں تھا بلکہ پی ایل او کا بھی کھلم کھلا حامی تھا۔ یہ پالیسی دراصل نہرو کی کلاسیکی خارجہ حکمتِ عملی کا تسلسل تھی۔

بھارت نے انیس سو سینتالیس میں فلسطین کی تقسیم کی مخالفت کی اور جب اسرائیل بن گیا تو اقوام متحدہ میں اس کے داخلے کی بھی مخالفت کی۔ انیس سو بانوے میں جا کے کہیں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہوئے۔ تب تک ہندو قوم پرستی کے رتھ نے نہرو دور کی سیکولر سوشلسٹ پالیسیوں کو کچلنا شروع کر دیا تھا۔

ایک اہم موڑ انیس سو ننانوے کی کرگل کی جنگ ثابت ہوئی۔ ایک برس پہلے ایٹمی دھماکے کرنے کے بعد امریکا اور مغربی ممالک نے بھارت کو اسلحے کی فروخت معطل کر دی۔ اس آڑے وقت میں اسرائیل نے بھارت ک

1 ہیتھرو ٹرمینل 5 کے اندر ایک نئی عبادت گاہ کھول دی گئی ہے جو تمام مذاہب کے زائرین کے لیے یکساں طور پر کھلی رہے گی۔ ہفتہ 8 مارچ کو افتتاح کیا گیا۔ ہیتھرو ایئرپورٹ کے ٹرمینل 5 میں مسافروں کے لیے ایک نئی عبادت گاہ کھول دی گئی ہے جو تمام مذاہب کے زائرین کے لیے یکساں طور پر کھلی رہے گی۔ ہفتہ 8 مارچ کو افتتاح کیا گیا۔ ایئرپورٹ کے ترجمان کے مطابق یہ عبادت گاہ ایسی جگہ پر بنائی گئی ہے جہاں مسافر طویل انتظار کے دوران سکون تلاش کر سکیں۔ اس میں کوئی مخصوص مذہبی علامت نہیں رکھی گئی بلکہ دیوار پر ایک سادہ روشن دان بنایا گیا ہے جس سے روشنی اندر آتی ہے۔ ٹرمینل 5 کے ڈپٹی منیجر ڈیوڈ ہارپر نے کہا کہ یہ جگہ ہر مذہب کے لوگ بغیر کسی رکاوٹ کے استعمال کر سکیں گے۔ ان کے مطابق ٹرمینل روزانہ اوسطاً 68 ہزار مسافروں کو سنبھالتا ہے اور ان میں بڑی تعداد بین الاقوامی مسافروں کی ہے جو مختلف مذہبی پس منظر رکھتے ہیں۔ ایئرپورٹ انتظامیہ کے مطابق عبادت گاہ کے اندر 18 نشستیں رکھی گئی ہیں اور داخلہ ہر گھنٹے کھلا رہے گا۔ ٹرمینل 5 کے ایک مسافر نے بتایا کہ وہ اکثر ہیتھرو سے گزرتے ہیں مگر پہلی بار انہیں کسی عبادت گاہ کا علم ہوا ہے۔ ایئرپورٹ کے ترجمان کے مطابق اس منصوبے پر مجموعی طور پر 2 کروڑ 40 لاکھ پاؤنڈ لاگت آئی ہے۔ منصوبہ ایئرپورٹ کی ویب سائٹ پر درج ٹکٹ کے ذریعے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

2 ریلوے کراسنگ پر 14 برس بعد نیا پل کھل گیا ہفتہ 9 مارچ 2026ء کو